اہم خبر!

کیا وظائف لینے سے میرے گرین کارڈ حاصل کرنے یا امریکی شہری بننے کے امکانات کو نقصان پہنچے گا؟

یو ایس سیٹیزنشپ اینڈ امیگریشن سروسز کا کہنا ہے:

اگر ابھی تک آپ کے پاس گرین کارڈ نہیں ہے

☺ اگر آپ یا آپ کے اہل خانہ ان کا استعمال کرتے ہیں تو اس سے آپ کے گرین کارڈ حاصل کرنے کے امکانات کو نقصان نہیں پہنچے گا:

- **نگہداشت صحت،** جیسے: میڈیکیڈ، این جے فیملی کیئر، WIC، پیرنٹ کیئر، دیگر مفت یا کم قیمت طبی نگہداشت
- **غذائی پروگرامز،** جیسے: فوڈ اسٹیمپس، WIC، اسکولی کھانے، اور دیگر غذائی امداد
- **دیگر پروگرامز جن میں نقد رقم نہیں دی جاتی،** جیسے: عوامی رہائش، آفات میں راحت کاری، بچوں کی نگہداشت کی خدمات، ملازمت کی تربیت، سفر کیلئے واؤچرز

☹ آپ کو بعد میں گرین کارڈ حاصل کرنے میں صرف ایسی دشواری ہوسکتی ہے صورت میں اگر:

- **آپ، آپ کے بچے، یا اہل خاندان کیش ویلفیئر کا استعمال کرتے ہوں،** جیسے: ٹیمپورری اسسٹنس فار نیڈی فیملیز (TANF)، سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (SSI)، جنرل اسسٹنس (GA)
- **آپ نرسنگ ہوم یا دیگر طویل مدتی نگہداشت کے تحت ہوں** جس کیلئے میڈیکیڈ یا دیگر سرکاری فنڈز کے ذریعہ ادائیگی کی جاتی ہو

NJFC-IMM-URDU-0123

اگر آپ کے پاس گرین کارڈ ہے

☺ اگر آپ، آپ کے بچے، یا دیگر اہل خانہ ان کا استعمال کرتے ہیں تو آپ کا گرین کارڈ ختم نہیں ہوگا:	• نگہداشت صحت جیسے میڈیکیڈ یا این جے فیملی کیئر، غذائی پروگرامز، اور دیگر بغیر نقد والے پروگرامز • کیش ویلفیئر • طویل مدتی نگہداشت
☹ لیکن آپ کو ان صورتوں میں مسئلہ ہوسکتا ہے:	• اگر آپ لگاتار 6 مہینے سے زیادہ امریکہ سے باہر رہتے ہیں اور آپ نے کیش ویلفیئر یا طویل مدتی نگہداشت کا استعمال کیا ہو • یا انتہائی شاذونادر معاملات میں، اگر آپ نے امریکہ میں اپنے پہلے 5 سالوں کے دوران ایسی وجہ (جیسے بیماری یا معذوری) کے سبب کیش ویلفیئر یا طویل مدتی نگہداشت کا استعمال کیا ہو جو آپ کے اس ملک میں داخل ہونے سے قبل موجود رہی ہو

اگر آپ پناہ گزیں یا پناہ کے طالب ہیں

☺ **آپ گرین کارڈ حاصل کرنے کے اپنے امکان کو نقصان پہنچائے بغیر کسی بھی وظیفے کا استعمال کرسکتے ہیں، جس میں کیش ویلفیئر، نگہداشت صحت جیسے میڈیکیڈ یا این جے فیملی کیئر، غذائی پروگرامز، اور بغیر نقد والے پروگرامز شامل ہیں۔**

☺ **آپ کو قانونی طور پر حاصل ہونے والے وظائف کے سبب امریکہ کی شہریت دینے سے انکار نہیں کیا جاسکتا،** اس میں کیش ویلفیئر، نگہداشت صحت جیسے میڈیکیڈ یا این جے فیملی کیئر، فوڈ پروگرامز، اور بغیر نقد والے پروگرامز۔

اگر آپ اپنے رشتے دار کی کفالت کرنا چاہتے ہیں

☺ **وظائف، بشمول کیش ویلفیئر، نگہداشت صحت جیسے میڈیکیڈ یا این جے فیملی کیئر، غذائی پروگرامز، اور بغیر نقد والے پروگرامز کا استعمال آپ کو اپنے رشتے دار کی کفالت کرنے سے نہیں روکتا۔**

لیکن آپ کو یہ دکھانا ہوگا کہ آپ یا آپ کے معاون کفیل کی آمدنی اتنی ہے کہ اپنے رشتے دار کی کفالت کرسکیں۔

اہل خاندان کو اپنے بچوں کیلئے صحت سے متعلق احاطے کے واسطے درخواست دینے کیلئے اپنا سوشل سیکیورٹی نمبر فراہم نہیں کرنا ہوتا ہے۔
درخواست پر دی گئی معلومات رازدارانہ ہوتی ہے اور اسے کسی پر افشاء نہیں کیا جائے گا۔

NJ FAMILY CARE

Affordable health coverage. Quality care.

1-800-701-0710

ٹی ٹی وائی: 711